# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

شعبہ تعلقات عامہ

بتاریخ: 2 مارچ 2021

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے آئین پاکستان کے آرٹیکل (3)218 کے تحت سینٹ انتخابات 2021 کو آزادانہ، منصفانہ، غیر جانبدارانہ اور شفاف بنانے کے لیے درج ذیل انتظامات کیے ہیں:

a. الیکشن کمیشن نے ایک Vigilance Committee قائم کی ہے جو کہ الیکشن کمیشن، ایف بی آر، نیب، اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور نادرا کے نمائندگان پر مشتمل ہے۔ جو الیکشن کمیشن کو مختلف حکومتی اداروں کی طرف سے ضروری معلومات اور ریکارڈ کی فراہمی اور جہاں ضروری ہو انکوائری کرنے کے بعد اپنی رپورٹ پیش کرنے کی پابند ہے۔ تاکہ ہر قسم کی انتخابی بدعنوانی کا تدارک کیا جاسکے۔ اس کمیٹی سے ای میل ایڈریس vigilance@ecp.gov.pk پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

b. کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کا قیام عمل میں لایا گیا ہے تاکہ عوام الیکشن کمیشن کو اپنی شکایات الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ www.ecp.gov.pk پر آن لائن بھیج سکیں۔

c. الیکشن کمیشن نے الیکشن کمیشن سیکریٹریٹ میں ایک خصوصی مانیٹرنگ سیل بھی قائم کر دیا ہے تاکہ سینیٹ انتخابات میں الیکشنز ایکٹ 2017 کی دفعہ 167 میں دی گئی کرپٹ پریکٹس Corrupt Practice کو روکا جاسکے۔ یہ سیل 24 گھنٹے کام کر رہا ہے۔ عوام سینیٹ الیکشن 2021 سے متعلق کسی کرپٹ پریکٹس کی شکایت الیکشن کمیشن کو درج ذیل نمبروں پر بھیج سکتے ہیں:

a. ٹیلی فون نمبر: 051-9204402-03

b. فیکس نمبر: 051-9204404

c. صوبائی دفاتر کے رابطہ نمبرز اور ای میل ایڈریس:

i. پنجاب۔ 042-99211015, punjabpec@gmail.com

ii. سندھ۔ 021-99203385, pecsindh2018@gmail.com

iii. خیبر پختونخواہ۔ 091-9211036, establishmentkpk@gmail.com

iv. بلوچستان۔ 081-9202334, pecbalochistan07@gmail.com

d. چیف الیکشن کمشنر سینیٹ الیکشن 2021 کو خود بھی مانیٹر کر رہے ہیں ۔ عوام الناس براہ راست انتخابی بدعنوانی سے متعلق اپنی شکایات چیف الیکشن کمشنر کو اس ای میل ایڈریس cec@ecp.gov.pk پر ارسال کر سکتے ہیں۔

e. اس سلسلے میں سیکرٹری الیکشن کمیشن کو بھی شکایات ان کے ای میل ایڈریس secretary@ecp.gov.pk اور فیکس نمبر 051-9203583 پر ارسال کی جاسکتی ہیں۔

f. چیف الیکشن کمشنر نے آج چیئرمین نادرا، چیئرمین پی ٹی اے اور ڈائرکٹر جنرل ایف آئی اے سے میٹنگ کر کے ان سے انتخابی بدعنوانی کے تدارک کی تجاویز طلب کیں۔ نیز انہیں یہ ہدایات جاری کی گئیں کہ اگر کسی بھی قسم کی بدعنوانی ان کے علم میں آئے تو فوری طور پر الیکشن کمیشن کو مطلع کیا جائے تاکہ فوری قانونی کاروائی عمل میں لائی جاسکے۔

g. مزید برآں الیکشن کمیشن نے سینیٹ الیکشن کو شفاف بنانے کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں جن میں ضابطہ اخلاق کا اجراء، امیدواران سے بیان حلفی کا حصول اور Digital Facilitation Center کا قیام ہے۔

h. الیکشن کمیشن کی ٹیلی فون ہیلپ لائن 051-8848888 پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ جبکہ ڈاک کا پتہ الیکشن کمیشن آف پاکستان، شاہراہ دستور، G-5/2, اسلام آباد ہے۔

عوام الناس کو الیکشن کمیشن تک براہ راست رسائی حاصل ہے۔ کسی بھی انتخابی بدعنوانی سے متعلق الیکشن کمیشن کو آگاہ کریں۔ عوام الناس سے تعاون کی درخواست ہے۔

******